علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمینٹری ٹیچر ایجوکیشن

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: ہوم اکنامکس-4 (6486) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایڈ (2.5-4/04 سالہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1: ایک متوسط آمدنی والے خاندان میں وسائل محدود ہوں تو گھریلو انتظام کس طرح خاندان کی ضروریات اور ترجیحات میں توازن پیدا کر سکتا ہے؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: فرض کریں کہ ایک خاندان کو مہنگائی کی وجہ سے مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ ایسی صورتحال میں بجٹ سازی کے کن اصولوں کو اختیار کر کے گھریلو اخراجات کو مؤثر انداز میں منظم کیا جا سکتا ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: لباس کی مناسب دیکھ بھال نہ کرنے سے گھریلو اخراجات میں کس طرح اضافہ ہو سکتا ہے؟ موسمی اور غیر موسمی کپڑوں کی حفاظت اور ذخیرہ کرنے کے مؤثر طریقے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: بچت کی عادت خاندان کے معاشی استحکام میں کس طرح مددگار ثابت ہوتی ہے؟ روزمرہ زندگی کی مثالوں کے ذریعے وضاحت کریں کہ محدود وسائل کے باوجود بچت کیسے ممکن ہے۔ (20)

سوال نمبر 5: گھریلو صفائی اور صحت مند ماحول کے درمیان تعلق پر بحث کریں۔ وضاحت کریں کہ گھر میں صفائی کے مناسب انتظامات بچوں اور بڑوں کی صحت پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1: متوازن غذا کی منصوبہ بندی کرتے وقت کن عوامل کو مدنظر رکھنا ضروری ہے؟ ایک محدود بجٹ والے خاندان کے لیے غذائیت سے بھرپور روزانہ مینو تجویز کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: اگر کسی علاقے میں کچرے کے مناسب انتظام کا نظام موجود نہ ہو تو اس کے ماحول اور انسانی صحت پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ ری سائیکلنگ کی اہمیت بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: ویکسینیشن بچوں کی نشوونما اور صحت مند زندگی کے لیے کیوں ضروری ہے؟ والدین میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے آپ کون سی عملی تجاویز دیں گے؟ (20)

سوال نمبر 4: موسمی بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے میں ذاتی صفائی، متوازن غذا، اور احتیاطی تدابیر کس طرح کردار ادا کرتی ہیں؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: گھر میں بیت الخلا اور واش روم کی صفائی کو نظر انداز کرنے سے کون سے صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں؟ صحت مند ماحول برقرار رکھنے کے لیے مناسب صفائی کے اصول بیان کریں۔ (20)